P.R.NO.17

وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس کا دورہ

آن لائن اور گھر آ کر گاڑی کی رجسٹریشن کی سہولت کو مزید فعال بنایا جائے۔وفاقی محتسب

ای ٹی او کو ون ونڈو ڈیسک کے قیام اور آ گاہی مہم چلانے کی ہدایات

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس (ای ٹی او) اسلام آباد کا دورہ کر کے عوام الناس کو درپیش مشکلات اور ای ٹی او کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ٹیم نے دورہ کے دوران وہاں موجود افراد کی شکایات سنیں اور ای ٹی او انتظامیہ سے ملاقات کر کے ان کے بارے میں ہدایات دیں۔ٹیم نے وفاقی محتسب کو اپنی رپورٹ پیش کر دی ہے۔وفاقی محتسب نے ای ٹی او آفس میں ون ونڈو ڈیسک قائم کرنے کی ہدایت کی تا کہ عوام کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام سہولیات میسر ہوں۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ گاڑیوں کی رجسٹریشن، ٹرانسفر، ٹوکن اور ٹیکس وغیرہ سے متعلق تمام سہولیات آن لائن دستیاب ہیں۔ای ٹی او کی ٹیم صرف 1900 روپے فیس کی ادائیگی پر یہ تمام سہولیات گھر کی دہلیز پر بھی فراہم کر رہی ہے۔علاوہ ازیں روزانہ چار بجے کے بعد مختلف پارکوں اور پبلک مقامات پر ای ٹی او آفس کی موبائل ٹیمیں موقع پر بھی یہ سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔وفاقی محتسب نے ان سہولیات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس بارے میں آ گاہی مہم چلانے کی بھی ہدایت کی تا کہ عام لوگ ان سہولیات سے مزید فائدہ اٹھا سکیں۔ٹیم سے گفتگو کے دوران رجسٹریشن کے لئے آئے ہوئے بعض افراد نے بتایا کہ ایجنٹ مافیا ان سے 200 روپے فی رجسٹریشن فارم لے لیتا ہے جب کہ ایک فوٹو کاپی کے پچاس روپے وصول کئے جا رہے ہیں حالانکہ رجسٹریشن فارم مفت ہے اور فوٹو کاپی کا سرکاری ریٹ پانچ اور دس روپے مقرر ہے۔ٹیم نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ گاڑیوں کی رجسٹریشن، ٹرانسفر، ٹوکن اور ٹیکس وغیرہ سے متعلق تمام ہدایات جلی حروف میں اردو اور انگلش میں بورڈز پر آویزاں کی جائیں نیز آن لائن اور گھر میں آ کر رجسٹریشن کی سہولیات کے بارے میں بھی بورڈز نمایاں انداز میں لگائے جائیں اور اس بارے میں آ گاہی مہم چلائی جائے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

25 اپریل 2024ء